مقتلِ ابی مخنف وقیام مختار

محمد علی بک ایجنسی

جامع مسجد وامامبارگاہ امام الصادقؑ G-9/2

اسلام آباد فون نمبر 0333-5121442

مقتلِ ابی مخنف

وقیام مختار

ترجمہ

سیّد تبشّر الرضا کاظمی

محمد علی بک ایجنسی

جامع مسجد وامامبارگاہ امام الصادق G-9/2

اسلام آباد۔فون 0333-5121442

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	:	مقتل ابی مخنف وقیام مختار
مترجم	:	سید تبشر الرضا کاظمی
کمپوزنگ	:	الفا کمپوزنگ پوائنٹ گوالمنڈی' راولپنڈی
طباعت	:	اسد پرنٹنگ پریس راولپنڈی
بار چہارم	:	مارچ 2004ء
تعداد	:	ایک ہزار
قیمت	:	100 روپے

﴿ ملنے کا پتہ ﴾

محمد علی بک ایجنسی

جامع مسجد وامامبارگاہ امام الصادق G-9/2

اسلام آباد۔فون 0333-5121442

محمد حنفیہ کا امام حسینؑ سے اظہار ہمدردی

محمد حنفیہ نے امام حسینؑ کی خدمت میں عرض کیا۔ "اے میرے بھائی! آپ میرے نزدیک سب سے زیادہ قابل احترام اور محبوب ہستی ہیں۔ میں نے کسی کو ایسی نصیحت نہیں کی ہے کیونکہ آپ سے زیادہ میری ان باتوں کا سننے والا اور کوئی نہیں۔

آپ کو میں اپنے حق کی قسم دیتا ہوں کہ آپ یزید سے دور رہیں۔ ایسا نہ ہو کہ اس سے ٹکراؤ ہو جائے۔ آپ اپنے دوستی کے دعویداروں کو شہروں اور قصبوں میں بھیج کر لوگوں سے اپنے لیے بیعت لیں۔ اگر لوگ ان کی دعوت پر اظہار آمادگی کریں خدا کا شکر کرنا۔ اگر آپ کے علاوہ کسی اور کی طرف رجوع کریں تو خداوند تعالیٰ اس وجہ سے آپ کے فضل وکمال میں کمی نہ کرے گا۔ مجھے یہ خوف ہے کہ آپ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ کسی ایک شہر میں پہنچیں اور وہاں کے لوگ آپ کے خلاف محاذ قائم کر کے آپ کو قتل کر دیں۔ ایسے میں تو آپ کا خون بیکار بہے گا اور آپ کی عزت بھی پامال ہوگی"۔

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا۔ "بھائی! مکہ میں ٹھہرنے کی کوشش کروں گا ورنہ کہیں (غیر آباد) کوہ دشت میں رک کر لوگوں کے ردعمل کا جائزہ لوں گا اور آئندہ جو پیش آنے والا ہے اس کے لیے تیار ہو کر جا رہا ہوں اس سے منہ نہیں موڑوں گا" اس کے بعد فرمایا۔ "اے بھائی! خدا آپ کو جزائے خیر دے کہ آپ نے بہت اچھی نصیحت آمیز باتیں کیں"۔

امام حسین علیہ السلام کا قبر رسولؐ پر سلام آخر

مدینہ سے روانگی کے وقت امام حسین علیہ السلام قبر رسول خدا پر گئے اور قبر کو تھام کر خوب روئے۔ آنحضرت کو خدا حافظ کہا اور کہا۔ "میرے ماں باپ پر فدا ہوں یا رسول اللہ! آپ کے پاس سے بحالت مجبوری جا رہا ہوں۔ یہ میری اور آپ کی جدائی مجبوری کے باعث ہے کہ مجھ سے یزید شراب خور اور فاسق کی بیعت قبول